ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (393)

مورخہ 25.07.24

# بہاولپور( )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کی ہدایت پر پولیس لائینز بہاولپور میں تین روزہ اینٹی رائٹ کورس کا انعقاد۔کورس میں ضلع کے مختلف تھانہ جات وگاردات سے پولیس افسران وجوانوں کی شرکت۔محکمانہ ریفریشنر کورسز سے پیشہ ورانہ امور کی انجام دہی کی استعداد کار میں اضافہ ہوتا ہے،ڈی پی او اسد سرفراز خان

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی ہدایت پر اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کے احکامات کی روشنی میں بہاولپور پولیس لائینز میں تین روزہ اینٹی رائٹ کورس جاری ہے،جس میں ضلع کے مختلف تھانہ جات اور گاردات سے آئے پولیس ملازمان کو دور جدید کے حامل ترکش اینٹی رائٹ سامان کے متعلق بریف کیا گیا اور خصوصی ٹرینرز نے تربیت اور خصوصی لیکچرز دیے۔دوران ریفریشر کورس شرکاء کو اس کے اغراض و مقاصد کے بارہ میں آگاہی دی گئی اور اینٹی رائٹ کے متعلق مکمل بریف کیا گیا کہ کسی بھی ہنگامی صورت حال میں ان کا ردعمل کیسا ہونا چاہیے اور ان کو کس طرح کے حفاظتی انتظامات اپنانے چاہئیں۔اس موقع پر جوانوں نے لا اینڈ آرڈر کے حوالے سے مشتعل ہجوم سے نمٹنے،مجمع خلاف قانون کو منتشر کرنے اور آنسو گیس کے استعمال کا عملی مظاہرہ کیا۔ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر بہاولپور نے اس حوالے سے بات کرتے ہوئے کہا کہ ہنگامی صورتحال میں متحد رہتے ہوئے منظم طریقے سے اپنے فرائض سرانجام دینے اور مشتعل ہجوم کو کنٹرول کرنے کے ساتھ ساتھ سرکاری املاک کی بھی حفاظت کو یقینی بنایا جاتا ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ کورسز سے پیشہ ورانہ امور کی انجام دہی کی استعداد کار میں اضافہ ہوتا ہے۔

ترجمان بہاولپور پولیس




بہاولپور:ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کی ہدایت پر پولیس لائینز بہاولپور میں تین روزہ اینٹی رائٹ کورس کا انعقاد۔کورس میں ضلع کے مختلف تھانہ جات وگاردات سے پولیس افسران وجوان عملی مظاہرہ کر رہے ہیں

ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (394)

مورخہ 25.07.24

**بہاول پور( ) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر بہاولپور اسد سرفراز خان کی زیر کمانڈ جرائم پیشہ افراد کے خلاف گرینڈ آپریشن جاری، گزشتہ روز کی مختلف کارروائیوں میں 13 ملزمان گرفتار۔ بھاری مقدار میں شراب، منشیات واسلحہ ناجائز برآمد۔ جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری کارروائیوں کو مزید تیز کیا جارہا ہے، ڈی پی او بہاولپور اسد سرفراز خان**

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او بہاولپور اسد سرفراز خان کی طرف سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔ تھانہ سول لائینز، صدر بہاولپور، عباس نگر، ڈیرہ نواب صاحب اور تھانہ چنی گوٹھ پولیس نے شراب فروشوں کے خلاف بھرپور کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 08 ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 316 لیٹر شراب اور 01 عدد چالو بھٹی برآمد کرلی۔ اسی طرح تھانہ خیر پور ٹامیوالی پولیس نے منشیات فروشی کے مرتکب 01 ملزم کو گرفتار کرکے اس کے قبضہ سے 700 گرام چرس برآمد کر لی۔ جبکہ تھانہ مسافر خانہ، صدر احمد پور شرقیہ اور تھانہ سٹی وصدر یزمان پولیس نے اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف گھیرا تنگ کرتے ہوئے 04 ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 04 عدد پسٹل 30 بور برآمد کر لئے۔ پولیس نے گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کردی۔ اس موقع پر ڈی پی او بہاولپور اسد سرفراز خان نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرم جیسا بھی ہو قانون سے کسی صورت بچ نہیں سکتا، سماج دشمن عناصر کے خلاف جاری آپریشن کو مزید تیز کیا جارہا ہے، انہوں نے مزید کہا کہ جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائے گا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کی زیر کمانڈ جرائم پیشہ افراد کے خلاف گرینڈ آپریشن جاری گزشتہ روز کی مختلف کارروائیوں میں متعدد ملزمان گرفتار، بھاری مقدار میں شراب، منشیات واسلحہ ناجائز برآمد